© rasailojaraid.com



# اسلام کی ابتدا غربت میں ہوئی اور انتہا بھی غربت میں ہوگی

## بَابُ مَا جَاءَ اَنَّ الْاِسْلَامَ بَدَ أَ غَرِیْباً وَ سَیَعُوْ دُ غَرِیْباً

درسِ حدیث

مولانا عبداللطیف مدنی

حَدَّثَنَا اَبُوْ کُرَیْبٍ نَا حَفْصُ بْنُ غِیَاثٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنْ اَبِی الْاَحْوَصِ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْ دٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَّ الْاِسْلَام بَدَ أَ غَرِیْباً وَ سَیَعُوْ دُ غَرِیْباً کَمَا بَدَأَ فَطُوْبٰی لِلْغُرَبَآءِ وَفِی الْبَابِ عَنْ سَعْدٍ وَّابْنِ عُمَرَ وَجَابِرٍ وَاَنَسٍ وَعَبْدِاللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ غَرِیْبٌ مِنْ حَدِیْثِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ وَاِنَّمَا نَعْرِفُہٗ مِنْ حَدِیْثِ حَفْصِ بْنِ غِیَاثٍ عَنِ الْاَعْمَشِ اَبُوْ الْاَحْوَصِ اِسْمُہٗ عَوْف بُنُ مَالِکِ بْنِ نَضْلَةَ الْجُشَمِیَ تَفَرَّدَبِہٖ حَفْصٌ.

حَدَّثَنَاعَبْدُ اللّٰہِ ابْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَا اِسْمَاعِیْلُ بْنُ اَبِیْ اُوَیْسٍ ثَنِیْ کَثِیْرُبْنُ عَبْدُاللّٰہِ بْنِ عِمْرٍ وَبْنِ عَوْفِ بْنِ زَیْدِ بْنِ مِلْحَةَ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ جَدِّہٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الدِّیْنَ لَیَارِزُ اِلَی الْحِجَازِ کَمَا تَاْ رِزُ الْحَیَّةُ اِلٰی حُجْرِھَاوَلَیَعْقِلَنَّ الدِّیْنُ فِی الْحِجَازِ مَعْقِلَ الْاُرْوِیَّةِ مِنْ رَاْسِ الْجَبَلِ اِنَّ الدِّیْنَ بَدَأَ غَرِیْباً وَیَرْجِعُ غَرِیْباً فَطُوْبٰی لِلْغُرَبَآءِ الَّذِیْنَ یُصْلِحُوْنَ مَا اَفْسَدَالنَّا سُ مِنْ بَعْدِیْ مِنْ سُنَّتِیْ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ.

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسلام غربت میں شروع ہوا اور آخر میں بھی ایسا ہی ہو جائے گا لہذا غرباء کے لیے خوشخبری ہے

حضرت عمرو بن عوف رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بلاشبہ دین اسلام حجاز کی طرف اس طرح سمٹ آئے گا جس طرح سانپ اپنے بل کی طرف سمٹ آتا ہے اور دین حجاز میں اس طرح جگہ پکڑے گا جیسا کہ بکری پہاڑ کی چوٹی پر جگہ پکڑ لیتی ہے اور دین غربت میں شروع ہوا اور آخر میں بھی ایسا ہی ہو جائے گا جیسا کہ شروع میں ہوا تھا چنانچہ غرباء کے لیے خوش خبری ہے اور وہی ہیں جو میری سنت کو درست کردیں گے جس کو میرے بعد لوگوں نے خراب کر دیا ہوگا۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



**فائدہ:**

دشمنانِ اسلام کے ظلم وستم سے اہل ایمان کے بھاگنے اور ایمان پر ثابت قدم رہنے کی مثال آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بکری کی جگہ پکڑنے اور سانپ سے دی ہے کیونکہ سانپ دوسرے جانوروں کے مقابلہ میں تیز بھاگتا ہے اور سمٹ کر بل میں گھس جاتا ہے اور پھر مشکل سے ہی نکالا جاتا ہے آخر زمانہ میں جب مسلمان کم رہ جائیں گے تو سمٹ سمٹا کر حجاز چلے جائیں گے۔

**تشریح:**

اسلام کا آغاز غریبوں سے ہوا اور آخر میں بھی اسلام غریبوں ہی میں رہ جائے گا یعنی اسلام کے شروع میں مسلمان غریب اور کم تھے جس کی وجہ سے انہیں اپنے وطن کو چھوڑ کر دوسرے ملکوں کی طرف ہجرت کرنا پڑی اسی طرح آخر میں بھی ایسا ہی ہوگا کہ اسلام غریبوں ہی کی طرف لوٹ آئے گا پس ان غرباء کے لیے خوش بختی اور سعادت ہے۔ جن کے قلوب ایمان و اسلام کے نور سے پوری طرح منور ہونگے۔ بگڑی ہوئی سنتوں کو سنواریں گے اور مٹی ہوئی سنتوں کو زندہ کریں گے۔ آخر زمانہ میں یہی لوگ اسلام پر ثابت قدم رہیں گے اور اپنی زندگیوں کو کتاب وسنت کے علوم ومعارف سے سعادت مند بنائیں گے۔

علماء حق کا ترجمان
المیزان
ناشران وتاجرانِ کتب
دینی، تاریخی، سیاسی، ادبی اور اصلاحی کتابوں کا معیاری ادارہ
دینی مدارس کے طلباء کے لیے وفاق المدارس
کا تمام نصاب سب سے زیادہ رعایتی قیمت پر
الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور 042-7122981-7212762

سلیم الیکٹرونکس
SALEEM ELECTRONICS, MULTAN
SALEEM
ELECTRONICS
HUSSAIN AGAHI ROAD, MULTAN
ڈاؤلینس ریفریجریٹر اے سی
سپلٹ یونٹ کے بااختیار ڈیلر
Dawlance
ڈاؤلینس لیا تو بات بنی
061- 4512338
061- 4573511
حسین آگاہی روڈ ملتان



© rasailojaraid.com